He highlighted that sincerity, diligence, and timely responses to public problems are the hallmarks of a good administrator. He urged collective effort and a common vision to lead Balochistan out of its problems and onto a path of peace, stability, and development. The Chief Minister clarified that the government's role is to formulate policies, while the administration is responsible for their complete implementation. He urged young officers to understand the spirit of state policies and embrace their implementation as a professional responsibility.

He noted that better financial management last year resulted in savings of over 14 billion rupees in non-development terms, with timely and full utilization of development funds leading to the completion of several projects.

The Chief Minister also mentioned reforms to control the increasing pension bill for long-term financial stability and urged officers to prioritize improved governance and service delivery for lasting solutions to public issues. He underscored the need to inform the younger generation about Balochistan's historical and ground realities, providing social guidance to distinguish between perception and reality to counter misleading ideas. He clarified that Balochistan's real problem is not unbalanced development but the anti-national thinking of certain elements attempting to foster distrust among the youth towards the state.

## سی پیک پاکستان سمیت خطے میں گیم چینجر کی حیثیت رکھتا ہے، علاؤالدین

**سی پیک کے حوالے سے حقیقت پسندی پر مبنی طویل المدتی حکمت عملی اپنانے کی ضرورت ہے، فیصل جمالی و دیگر کا خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سی پیک نہ صرف پاکستان بلکہ اس خطے میں گیم چینجر کی حیثیت رکھتا ہے اس منصوبے کو ہم سب نے ملکر کامیاب بنانا اور فتنہ ہندوستان کے مکروہ عزائم کو ناکام بنانا ہے۔ ان خیالات کا اظہار سابق نگران وزیراعلیٰ بلوچستان میر علاؤالدین مری نے بذریعہ ویڈیو لنک جبکہ صوبائی وزیر سردار فیصل جمالی، سابق وزیر داخلہ کیپٹن میر زبیر جمالی، سابق ترجمان بلوچستان حکومت بابر خان یوسفزئی، ڈی جی سینٹر فار ڈیولپمنٹ اینڈ اسٹیبلٹی ڈاکٹر عرفان اشرف، جیو پولیٹیکل تجزیہ کار راجہ فیصل، صدر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن میر عطاء اللہ لانگو، ڈاکٹر دوست محمد بڑیچ، سردار ہارون جمالی، ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ کے سابق سینئر نائب صدر صلاح الدین خلجی و دیگر نے سیمینار سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ مقررین نے کہا کہ سی پیک منصوبہ نہ صرف پاکستان بلکہ اس خطے کی قسمت بدلنے کا عظیم منصوبہ ہے جس میں مواقعوں کے ساتھ چیلنجز بھی درپیش ہیں مگر ہم سب نے ملکر اس عظیم منصوبہ کو کامیاب اور خصوصاً دشمن ملک فتنہ ہندوستان کے مکروہ عزائم کو ناکام بنانا ہے۔ مقررین نے سی پیک کے حوالے سے حقیقت پسندی، اجتماعی سوچ اور طویل المدتی حکمت عملی کی ضرورت پر زور دینے اور دشمن ملک ہندوستان کے ہائبرڈ وار فیئر سے صوبے کے نوجوانوں کو آگاہی بھی فراہم کی۔ جبکہ شرکا نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ہم سب مل کر بلوچستان سے ایک خوشحال، متحد اور مستحکم پاکستان کی بنیاد رکھیں گے۔

## حکومت جدید تعلیم کو فروغ دینے کی کوشش کر رہی ہے، میر ظہور احمد بلیدی

**نیشنل پارٹی تعلیمی اداروں پر سیاست کرنے کی بجائے مسائل کے حل کیلئے تجاویز پیش کرے، صوبائی وزیر**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ہماری حکومت صوبے کے نوجوانوں کے لئے سائنس، آئی ٹی، بزنس، ٹیکنیکل اور اسکلز ایجوکیشن اور دوسرے بین الاقوامی معیار کے عین مطابق جدید تعلیم کو فروغ دینے کی کوشش کر رہی ہے جو کہ ہمارے منشور کا اہم جز وہے یہ بات صوبائی وزیر برائے منصوبہ بندی وترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، انھوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان نیشنل پارٹی اور ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی رائے کو بڑی اہمیت اور قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے لیکن ڈاکٹر صاحب اور اس کی پارٹی کو چاہیئے کہ تعلیمی اداروں کے معاملات پر سیاست کرنے اور اس طرح کی پریس کانفرنس کرکے اصل حقائق کو توڑ مروڑ کرکے پیش کرنے کے بجائے ان کے مسائل کے حل کے لئے صوبائی حکومت اور اسمبلی کو تجاویز پیش کریں صوبائی حکومت نے اس طرح کا کوئی حکم نامہ جاری نہیں کیا ہے اس لیے ایسے مفروضوں پر سیاست نہ کی جائے حکومت بلوچستان نے صوبائی جامعات اور زبانوں کی ترویج کے لیے یونیورسٹی فنانس کمیشن کی گرانٹ کو آٹھ ارب تک پہنچایا اور تمام زبانوں کی اکیڈمیز کی پانچ کروڑ سالانہ گرانٹ مقرر کی اس کے علاوہ یونیورسٹیوں میں زبانوں کے فروغ کے لیے مقامی زبانوں کو بطور آپشنل سبجیکٹ پڑھایا جائے گا۔



## سیاست کو اقتدار نہیں عوامی خدمت کا ذریعہ سمجھتے ہیں، صادق عمرانی

**ہمارا ہر اٹھتا قدم عوامی فلاح و بہبود، ترقی اور خوشحالی کیلئے ہے، صوبائی وزیر آبپاشی**

**عوام کا درد محسوس کرتے اسی لئے ان کے ساتھ بیٹھ کر مسائل سنتے ہیں، رہنما پیپلز پارٹی**

نصیر آباد (نامہ نگار) صوبائی وزیر آبپاشی بلوچستان میر محمد صادق خان عمرانی نے کہا ہے کہ وہ سیاست کو ذاتی مفاد یا اقتدار کا ذریعہ نہیں بلکہ عوامی خدمت کا راستہ سمجھتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ ان کا ہر قدم عوام کی فلاح و بہبود، ترقی اور خوشحالی کے لئے اٹھتا ہے انہوں نے کہا کہ میری طاقت نصیر آباد کی عوام ہیں، عاجزی میرا سب سے بڑا زیور ہے، خدمت میری سیاست کی.......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

پہچان ہے۔" انہوں نے کہا کہ ان کی سیاست کا مرکز و محور صرف اور صرف عوام کی خدمت ہے وہ ہر لمحہ اسی سوچ کے ساتھ کام کر رہے ہیں کہ عوام کی زندگی آسان بنائی جائے، نوجوانوں کو روزگار، کاشتکاروں کو پانی، مریضوں کو علاج اور بچوں کو تعلیم میسر آئے میر صادق عمرانی نے کہا کہ میں مانتا ہوں کہ عوام کی خوشحالی ہی میری اصل کامیابی ہے اور خدمت کا یہ سفر میرے لئے اقتدار نہیں بلکہ عبادت ہے انہوں نے مزید کہا کہ وہ عوام کے درمیان بیٹھ کر ان کے مسائل سنتے ہیں، ان کی تکلیف محسوس کرتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ عوام کا اعتماد ان کا سب سے قیمتی سرمایہ ہے انہوں نے کہا کہ محکمہ آبپاشی کے تحت وہ نصیر آباد میں کئی دہائیوں بعد نہروں کی بحالی، پرانی اسکیموں کی مرمت اور نئی شاخوں کو ٹیل تک پانی پہنچانے جیسے کاموں کو ممکن بنا رہے ہیں کسان طبقے کی بہتری اور زراعت کی بحالی ان کی اولین ترجیح ہے، کیونکہ نصیر آباد ایک زرعی ضلع ہے اور اس کی ترقی کا انحصار پانی اور کھیتوں پر ہے۔ عوامی حلقوں نے میر محمد صادق عمرانی کی قیادت، انکساری، سادگی اور خدمت کے جذبے کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ بلوچستان کی سیاست میں عوامی سوچ اور خدمت کی روشن مثال ہیں۔

## پی پی پی فکری سیاسی جمہوری اور نظریاتی جماعت ہے، بخت محمد کاکڑ

**ہم نے عوام کے حقوق پر سمجھوتہ کیا نہ کریں گے، صوبائی وزیر صحت**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی فکری سیاسی جمہوری اور نظریاتی اور شہداء اور غازیوں کی جماعت ہے جس نے کبھی بھی عوام کے حقوق پر سمجھوتہ نہیں کیا ہے اور نہ کریں گے ہم شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی راہ کے سپاہی ہیں، جھوٹے وعدے نہیں کرینگے بلکہ عوام کے ساتھ.......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کیے گئے وعدوں کو عملی جامہ پہنائیں گے عوام کو ان کی دہلیز پر تمام سہولیات فراہم کرینگے محکمہ صحت کی بہتری اولین ترجیح ہے' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ عوام کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے کیونکہ عوام نے ہم پر اعتماد کرکے ہمیں ایوان تک پہنچایا ہم بھی اپنے حلف کے پابند ہیں عوام کے ساتھ کیے وعدوں کو نبھائیں گے انتخابی مہم میں جو وعدے عوام سے کیے وہ پورے کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 04 JUL 2025 Page No. 12

## بلوچستان اسمبلی ویمن پارلیمنٹری کاکس اور یو این ویمن کے تعاون سے تربیتی نشست

### یہ نشست خواتین کی سیاسی شمولیت کو موثر بنانے کی جانب ایک مثبت قدم ہے، محترمہ غزالہ گولہ

### ہماری خواتین محنت کر رہی ہیں مگر ان کا کام اور کردار منظر عام پر نہیں آتا، راحیلہ حمید درانی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان اسمبلی میں ویمن پارلیمنٹری کاکس بلوچستان صوبائی اسمبلی اور یو این ویمن کے تعاون سے قانون سازی و وکالت پر جمعرات کو بلوچستان اسمبلی کے کمیٹی ہال میں ایک بامقصد اور بامعنی تربیتی نشست کا انعقاد کیا گیا نشست میں سول سوسائٹی کے نمائندوں، ترقیاتی اداروں، خواتین اراکین اسمبلی اور متعلقہ اداروں کے افراد نے ......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

بھرپور شرکت کی۔ نشست کا مقصد شرکا، کو پارلیمانی عمل، قانون سازی، نگرانی و احتساب، اور صنفی ذمے دار پالیسی سازی سے متعلق بہتر فہم اور عملی مہارتوں سے روشناس کرانا تھا، تاکہ بلوچستان میں جامع، شراکتی اور جوابدہ حکمرانی کو فروغ دیا جاسکے نشست کی صدارت ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی و چیئرپرسن ویمن پارلیمنٹری کاکس محترمہ غزالہ گولا نے کی۔ اپنے افتتاحی خطاب میں انہوں نے کہا یہ نشست خواتین کی سیاسی شمولیت کو موثر بنانے، سول سوسائٹی سے روابط کو مضبوط کرنے، اور قانون سازی کو ہر طبقے کے لئے نمائندہ بنانے کی جانب ایک مثبت قدم ہے انہوں نے یو این ویمن کی مسلسل معاونت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کے تعاون سے نہ صرف خواتین پارلیمنٹری کاکس کو تقویت ملی ہے بلکہ بلوچستان میں صنفی مساوات پر مبنی پالیسی سازی کو ایک نئی جہت ملی ہے۔ اجلاس میں سیکرٹری بلوچستان اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ نے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے صوبائی قانون سازی کے نظام، اسمبلی کے کردار، قوانین کے مسودے، ترامیم، منظوری کے مراحل، پارلیمانی کمیٹیوں، سوالات، اور تحریکات کی افادیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے شرکاء کے مختلف سوالات کے جوابات بھی دیئے جنہیں شرکاء نے تسلی بخش قرار دیا نشست کے دوران سوال و جواب کا خصوصی سیشن بھی رکھا گیا، جس میں سول سوسائٹی کی جانب سے ممکنہ تعاون کی تجاویز پیش کی گئیں شرکاء کو صنفی مساوات سے متعلق اہم قوانین، پالیسی فریم ورکس، بل ٹریکنگ، اور پالیسی مانیٹرنگ کے عملی طریقہ کار سے بھی روشناس کرایا گیا وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا کہ ہماری خواتین محنت کر رہی ہیں مگر ان کا کام اور کردار منظر عام پر نہیں آتا ویمن کاکس کو مزید فعال اور مضبوط بنانے کیلئے ہم پرعزم ہیں۔ ایسے تربیتی سیشنز کا تسلسل وقت کی اہم ضرورت ہے تقریب کے اختتام پر رکن اسمبلی اور ڈپٹی سیکرٹری ویمن پارلیمانی کاکس بلوچستان اسمبلی شاہدہ رؤف نے بھی مختصر اظہار خیال کیا اور شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔ یو این ویمن بلوچستان کی سب آفس کی سربراہ عائشہ ایوب ودود نے بھی ڈپٹی اسپیکر کے ہمراہ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ شراکت داری بلوچستان میں صنفی حساس حکمرانی اور پالیسی سازی کو عملی طور پر مضبوط کرنے کا ایک بہترین موقع ہے ہم ویمن پارلیمنٹری کاکس کے ساتھ قریبی اشتراک کو مزید فروغ دیں گے آخر میں چیئرپرسن ویمن پارلیمنٹری کاکس بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ نے تمام شرکاء، سول سوسائٹی، ترقیاتی اداروں اور یو این ویمن کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ نشست مستقبل میں پارلیمان اور عوامی اداروں کے درمیان ایک پائیدار، مضبوط اور بامقصد ربط کی بنیاد بنے گی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 04 JUL 202 Page No. 14


## جھل مگسی کو سیلاب سے بچانے کیلئے منصوبہ بندی انتہائی ضروری، ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے

### پی ڈی ایم اے ہر سال طرح الرٹ، نقصان سے پہلے حفاظتی تدابیر اختیار کررہے ہیں۔ بات چیت

گنداواہ (نامہ نگار) ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے بلوچستان نوید احمد شیخ نے کہا ہے کہ ضلع جھل مگسی ایک مکمل سیلابی زون ہے کیونکہ یہ پانی کی گذرگاہ ہے اس لیے ضلعی سطح پر پلاننگ کرکے نقصانات کو کم کیا جاسکتا ہے ان خیالات کا اظہار انھوں نے ضلع جھل مگسی کے دورہ کے دوران مقامی صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس سے پہلے انھوں نے ڈی سی آفیس میں ضلعی آفیسران کے اجلاس میں شرکت کی جہاں انھیں ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت علی شاہ نے ضلع کی صورت حال اور نقصانات سے متعلق بریفنگ دی جبکہ اجلاس میں ایکسین ایریگیشن محمد یار مگسی، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت غلام سرور مگسی، ایکسین بی اینڈ آر ثاقب سرور ہنگوری، انجنیئر ایم ایم ڈی محمد اسلم بگٹی، ڈپٹی ڈائریکٹر لائیواسٹاک فرحت حبیب، اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ عبدالمجید محمد حسنی، ایس ڈی او پی ایچ ای محمد طاہر لہڑی ودیگر نے شرکت کی۔ انھوں نے کہا کہ پی ڈی ایم اے ہر سال طرح الرٹ ہے ہماری کوشش ہے اس پہلے کہ عوام سمیت انفرا اسٹرکچر کو نقصان ہو حفاظتی تدابیر اختیار کی جائیں اور نقصانات کو کم کرنے کے لیے ضلع سطح پر پلاننگ کی جائے بعد میں انھوں نے ضلع میں سیلاب سے متاثرہ مختلف جگہوں دریائے مولہ کی سیلابی گنداواہ ندی، ملہ چھر ندی، گنداواہ نوتال سڑک اور برج کا دورہ ومعائنہ بھی کیا انھوں نے ضلع میں کام کرنے والی پرائیویٹ سیکٹر کی آرگنائزیشنز کی ناقص کارکردگی پر برہمی کا اظہار کیا اور کہا کہ ان کا جلد ہی این او سی منسوخ کیا جائے گا۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 04 JUL 2025 Page No. 18

## حکمرانوں کو بلوچستان کے بارے میں رویہ ٹھیک کرنا ہوگا، جماعت اسلامی

### حقوق کے حصول کیلئے حکمرانوں کے شہر اسلام آباد جانا لازمی ہے، زاہد اختر بلوچ

کوئٹہ(پ ر) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان زاہد اختر بلوچ نے کہا کہ حقوق کے حصول اسلام آباد کے حکمرانوں کے مظالم کے خلاف حکمرانوں کے شہر اسلام آباد جانا لازمی ہے، یہ لانگ مارچ پرامن تاریخی اور کامیاب ہوگا اسلام آباد کے حکمرانوں کو بلوچستان کے بارے میں اپنا غلط رویہ ٹھیک کرنا ہوگا۔ لانگ مارچ کی کامیابی کیلئے سوشل میڈیا کے نوجوان متحرک ہوکر بلاتفریق ساتھ دیں، لانگ مارچ کی کامیابی سب کی کامیابی ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 25 جولائی لانگ مارچ الیکٹرانک پرنٹ وسوشل میڈیا اور تشہیر و دیگر تیاریوں ومشارت کے حوالے سے ذمہ داران اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں صوبائی سیکرٹری اطلاعات عبدالولی خان شاکر سوشل میڈیا انچارج اسامہ ہاشمی نائب امیر صوبہ مولانا محمد عارف دمڑ محمد طیب، روح اللہ سالار محمد افضل کاکڑ ودیگر نے شرکت کی اس موقع پر الیکٹرانک سوشل پرنٹ میڈیا سمیت دیگر تشہیری مہم اضلاع کے ذمے کام کے حوالے سے مشاورت وفیصلے کیے گئے۔

## بلوچستان کے عوام کو مایوسی کی بجائے میدان میں نکلنا ہوگا، ہدایت الرحمٰن

### 25 جولائی کو اسلام آباد کی جانب تاریخی لانگ مارچ میں ہزاروں افراد شریک ہونگے، گفتگو

کوئٹہ(پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ 25 جولائی حقوق کے حصول ترقی وخوشحالی کیلئے اور لاقانونیت آمریت ظلم وجبر کے خلاف اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ شروع کریں گے، اس تاریخی لانگ مارچ میں بلوچستان کے تمام علاقوں زبانوں کے ہزاروں لوگ ہوں گے اسلام آباد کے حکمران بلوچستان سے زیادتیاں وسائل کی لوٹ مار جعلی لوگوں کو مسلط، بارڈر بندش، لوگوں کو جبری غائب کرنا بند حقوق وسائل پر دسترس دے دیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تربت میں تقاریب سے خطاب اور وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا، انہوں نے کہا کہ ان حالات میں بلوچستان کے عوام کے لیے مایوسی کی بجائے پرامن جمہوری اور آئینی مزاحمت خوف کے ماحول کو توڑنے کے لیے میدان میں نکلنے کی ضرورت ہے۔ اس لیے ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ اسلام آباد کے حکمرانوں کے ظلم و جبر کے خلاف بلوچستان کے عوام کو بیدار ومنظم اور متحد کرینگے۔

## غیر آئینی اقدامات کے باعث ملک بحرانوں سے دوچار ہے، مولانا لونی

### پارلیمنٹ کے پاس فیصلے کا کوئی اختیار نہیں رہا، نئی حکمت عملی مرتب کی جائے، بیان

کوئٹہ(پ ر) جمعیت نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، مولانا عبدالروف، نجیم خان ایڈوکیٹ، مولانا محمود الحسن قاسمی، مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی نے کہا کہ غیر آئینی اقدامات کے باعث ملک بحرانوں سے دوچار ہے۔ حکمران نے طاقت آزمانے اور محاذ آرائی سے ملک کو آئینی، سیاسی اور معاشی بحران کی دلدل میں دھکیل رہا ہے۔ ملکی مسائل پر پارلیمنٹ کے پاس فیصلے کا کوئی اختیار نہیں رہا، امتیازی سلوک اور ناانصافیوں سے ریاست کی رٹ ہو رہی ہے، انہوں نے کہا کہ ملک میں جمہوری نظام اور آئین نام تک رہ گیا ہے آئین کی روح کو انتقامی کاروائیوں سے مسخ کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش بدامنی سے نکالنے کے لیے نئی حکمت عملی مرتب کی جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## مائنز اینڈ منرلز ایکٹ منظور کرنے والوں کو قوم معاف نہیں کریگی، پشتونخوا نیپ

### پشتونخوا نیپ نظریاتی، وطن دوست، عوام دوست جمہوری پارٹی جو اجتماعی شعور وقیادت پر یقین رکھتی ہے، نصر اللہ زیرے

### "فارم 47" کی پیداوار حکومت نے اپنے آئینی اختیارات بڑی دیدہ دلیری سے وفاق کے حوالے کیا، ہرنائی وزیارت میں اجتماعات سے خطاب

زیارت + ہرنائی (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری فیاض خان، ضلع زیارت کے سیکرٹری شاہ زمان خان اور ہرنائی کے ضلع سیکرٹری حاجی عبداللہ خان لالہ نے کہا ہے کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نظریاتی، وطن دوست، عوام دوست اور جمہوری پارٹی ہے، جو اجتماعی شعور اور قیادت پر یقین رکھتی ہے پارٹی میں روز بروز عوام کی بڑی تعداد میں شمولیت اس بات کا ثبوت ہے کہ عوام کا اعتماد پشتونخوا نیپ کی قیادت اور اس کی سیاست پر بڑھتا جارہا ہے رہنماؤں نے کہا کہ "مائنز اینڈ منرلز ایکٹ" ......... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

کو جن جماعتوں نے منظور کیا انہوں نے قومی غداری کا ارتکاب کیا ہے، جسے عوام کبھی معاف نہیں کریں گے زیارت میں ایک لاکھ 77 ہزار ایکڑ عوامی زمین کی الاٹمنٹ کسی بھی صورت میں قابل قبول نہیں ہرنائی کے عوام اس وقت مکمل طور پر محصور ہو چکے ہیں، آمد و رفت کے تمام راستے قابل استعمال نہیں رہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع زیارت اور ضلع ہرنائی کی ضلعی کمیٹیوں کے اجلاسوں اور ہرنائی میں پشتونخوا نیپ میں شمولیت اختیار کرنے والے 15 خاندانوں کے 160 سیاسی کارکنان وعوامی وسماجی شخصیات کے اعزاز میں منعقدہ اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاسوں سے حاجی دوران خان ترین اور دیگر رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے پارٹی میں شامل ہونے والے نئے کارکنان کو خوش آمدید کہتے ہوئے مبارکباد دی اور کہا کہ آپ لوگوں نے بروقت اور درست فیصلہ کرتے ہوئے پشتون قومی سیاسی تحریک اور پشتونخوا نیپ کو زبردست تقویت پہنچائی ہے پارٹی عوام کی ملی امنگوں اور قومی ارمانوں کی تکمیل میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھے گی

انہوں نے کہا کہ "فارم 47" کی پیداوار حکومت اور اسمبلی نے اپنے آئینی اختیارات کو بڑی دیدہ دلیری سے وفاق کے حوالے کیا ہے اور "مائنز اینڈ منرلز ایکٹ" کو منظور کر کے ایک سنگین قومی جرم کا ارتکاب کیا ہے۔ زیارت، برشور، توبہ اچکزئی، توبہ کاکڑی، قلعہ سیف اللہ سمیت دیگر علاقوں میں لاکھوں ایکڑ عوامی زمینیں الاٹ کی جا چکی ہیں، اور یہ سلسلہ ہر ضلع میں جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہرنائی ایک زرخیز ضلع ہونے کے باوجود تمام بنیادی انسانی ضروریات سے محروم ہے یہاں تک کہ آمد ورفت کے لئے کوئی ایسا راستہ موجود نہیں جو قابل استعمال ہو حالانکہ ہرنائی سے حکومتی ادارے اربوں روپے بھتہ کی شکل میں لے جارہے ہیں، مگر عوام بدحالی، بیروزگاری اور دربدری کی زندگی گزارنے پر مجبور ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 04 JUL 2025

Page No. 16


## سوراب، فائرنگ سے نوجوان جاں بحق

سوراب (نامہ نگار) قومی شاہراہ نوری نصیر خان چوک پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ذاکر حسین ریکی نامی شخص سکنہ کلی سرخ سوراب زخمی ہوگیا۔ اسے سول ہسپتال سوراب میں طبی امداد فراہم کرنے کے بعد مزید علاج کیلئے کوئٹہ منتقل کیا جارہا تھا مگر وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے راستے میں دم توڑ گیا۔

## ژوب: کالعدم تنظیم کی جانب سے مقامی ٹھیکیدار کو 15 لاکھ بھتے کی پرچی

**رقم نہ دینے پر اغواء اور جان سے مارنے کی دھمکی، 30 منٹ بعد دو مسلح افراد خود پہنچ گئے**

**گاؤں والوں کے پہنچ جانے پر مسلح افراد فائرنگ کرتے ہوئے فرار، مندوخیل عمائدین نے جرگہ طلب کرلیا**

ژوب (نامہ نگار) کالعدم تنظیم کی جانب سے مبینہ بھتہ کی طلبی ملزمان ہوائی فائرنگ کرتے ہوئے فرار لیویز فورس نے مقدمہ کی اندراج کیلئے متعلقہ حکام کو مراسلہ ارسال کردیا تفصیلات کے مطابق کلی حسین زئی مندوخیل کے رہائشی محمد شریف ولد حکیم خان مندوخیل نے ایس ایچ او لیویز صدر مندوخیل کو درخواست گذاری ہے کہ انکا چچا معروف ٹھیکیدار ہے چند روز قبل انکے گھر واقع کلی حسین زئی میں چھوٹے بچوں کے ذریعے ایک پرچی ملی جس پر پشتو زبان میں پندرہ لاکھ روپیہ دینے کا مطالبہ کیا گیا تھا رقم نہ دینے کی صورت میں جان سے مارنے اور اغوا کرنے کی دھمکی دی گئی تھی تاہم گذشتہ رات کو ایک موبائل نمبر جو درخواست میں درج ہیں سے چچازاد بھائی کو کال موصول ہوئی تو ملزمان نے کالعدم تنظیم سے تعلق بتاتے ہوئے طلب کی گئی رقم جمع کرنے کا کہا جس کے تقریباً 30 منٹ بعد موٹر سائیکل پر دو مسلح افراد نے گھر آکر بھتہ طلب کیا اس دوران اطلاع ملنے پر گاؤں کے افراد کے آنے پر ملزمان ہوائی فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے اس سلسلے میں رابطہ کرنے پر لیویز فورس صدر مندوخیل کے ایس ایچ او عبدالرحمن مندوخیل نے اس حوالے سے درخواست موصول ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ انسداد دہشت گردی کے دفعات کے تحت کاروائی کیلئے متعلقہ حکام کو مراسلہ بھیج دیا گیا ہے دریں اثنا علاقہ مندوخیل کے عمائدین نے واقعے پر غور اور آئندہ کا لائحہ عمل طے کرنے کیلئے 05 جولائی بروز ہفتہ ایک جرگہ طلب کیا گیا ہے۔

## دالبندین میں دھماکہ، ایک بچہ جاں بحق تین افراد زخمی ہوگئے

**دھماکہ ایک کباڑی کی دکان میں ہوا، پرانے سامان سے کھیلتے ہوئے بچے زد میں آگیا**

دالبندین (نامہ نگار) فصیل کالونی دکان میں دھماکہ، ایک جاں بحق، تین زخمی دالبندین: فصیل کالونی، ایسٹرن بائی پاس کے قریب زوردار دھماکے کے نتیجے میں ایک بچہ جاں بحق جبکہ تین افراد زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر اسپتال منتقل کردیا گیا۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس حکام جائے وقوعہ پر پہنچے اور موقع کا معائنہ و تفتیشی عمل کی نگرانی کی۔ بعدازاں ایس پی چاغی ڈی ایچ کیو اسپتال بھی گئے، جہاں انہوں نے زخمیوں کی عیادت کی اور ڈاکٹروں کو ہدایت کی کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق دھماکہ ایک کباڑی کی دکان میں ہوا، جہاں ایک بچہ پرانے سامان سے کھیلتے ہوئے دھماکے کی زد میں آگیا۔ شبہ ظاہر کیا جارہا ہے کہ دکان میں موجود دھماکہ خیز یا پریشرائزڈ مواد لاعلمی میں خریدا گیا تھا، جو بچے کے ہاتھ لگانے سے پھٹ گیا۔ مزید شواہد اکٹھے کرنے کے لیے بم ڈسپوزل اسکواڈ کو طلب کرلیا گیا ہے جبکہ علاقے کو سیل کرکے تفتیش جاری ہے۔

## قلات: مختلف واقعات میں اسکول ٹیچر سمیت دو افراد جاں بحق ایک زخمی

**ہوٹل میں بیٹھے ہوئے کوہنگ کے رہائشی اور ناصر آباد میں اسکول ٹیچر کو نشانہ بنایا گیا، لاشیں ورثاء کے حوالے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) قلات میں فائرنگ کے دو واقعات میں اسکول ٹیچر سمیت دو افراد جاں بحق ایک زخمی ہوگیا پولیس کے مطابق قلات کے علاقے کوہنگ کا رہائشی سعید احمد ولد عبدالغنی قوم سمالانی گزشتہ شب مقامی ہوٹل پر بیٹھا تھا کہ نامعلوم افراد اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جبکہ قلات ہی کے علاقے کلی ناصر آباد میں اسکول ٹیچر غلام مصطفیٰ اپنے دوست کے ساتھ گھر جارہا تھا کہ نامعلوم موٹر سائیکل سوار ان پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے فائرنگ کے نتیجے میں غلام مصطفیٰ موقع پر ہی جاں بحق جبکہ دوست شدید زخمی ہوگیا پولیس اور سیکورٹی فورسز نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر لاش اور زخمی کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کردی گئیں۔


MASHRIQ QUETTA


## جعفر آباد، غیرت کے نام پر باپ کی فائرنگ سے بیٹی ہلاک، مبینہ آشنا زخمی

**لاش و زخمی لیبر ہسپتال ڈیرہ اللہ یار منتقل، پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے**

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ضلع جعفر آباد کے علاقے میں غیرت کے نام پر عورت قتل جبکہ اسکا مبینہ آشنا زخمی ہوگیا پولیس کے مطابق جعفر آباد کے علاقے ڈیرہ اللہ یار پولیس تھانہ کی حدود گوٹھ عبدالرحیم میں گل نظیر ابڑو نے سیاہ کاری کے الزام میں فائرنگ کرکے اپنی بیٹی کو قتل جبکہ ان کے مبینہ آشنا محمد موسیٰ ابڑو کو زخمی کردیا اور موقع واردات سے فرار ہوگیا۔


.......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر


واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش اور زخمی کو لیبر ہسپتال ڈیرہ اللہ یار منتقل کردیا جہاں نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی پولیس مزید کارروائی کررہی ہے۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 04 JUL 2025 Page No. 17


# دالبندین اے ٹی ایم مشین کی عدم موجودگی سے صارفین کو مشکلات

## اے ٹی ایم موجود ہوتا تو عوام کو ماہانہ تنخواہوں اور مالی لین دین کیلئے طویل قطاروں میں کھڑا ہونے کی اذیت نہ اٹھانا پڑتی، صارفین

دالبندین (این این آئی) نیشنل بینک آف پاکستان کی دالبندین برانچ کئی دہائیوں سے علاقے کے عوام کو مالی خدمات فراہم کر رہی ہے، اور ہمیشہ ایک قابلِ اعتماد اور فعال بینک کے طور پر پہچانی گئی ہے۔ یہاں ہزاروں سرکاری ملازمین کی تنخواہیں، پنشنرز کی رقم، اور مقامی تاجروں و ٹھیکیداروں کے مالی معاملات اسی برانچ کے ذریعے انجام پاتے ہیں۔ تاہم ایک بنیادی سہولت کی مسلسل عدم فراہمی صارفین کے لیے شدید مشکلات کا باعث بن رہی ہے — برانچ میں اے ٹی ایم مشین کی عدم دستیابی۔ دیگر بینکوں کی طرح اگر نیشنل بینک دالبندین برانچ میں بھی اے ٹی ایم نصب ہوتا تو عوام کو ماہانہ تنخواہوں اور مالی لین دین کے لیے طویل قطاروں میں کھڑا ہونے کی اذیت نہ اٹھانا پڑتی۔ خاص طور پر یکم تاریخ کو جب رش عروج پر ہوتا ہے، بزرگ شہری، خواتین، اور دور دراز سے آنے والے افراد شدید پریشانی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ نیشنل بینک دالبندین برانچ کے عملے کا رویہ ہمیشہ خوش اخلاق اور معاون رہا ہے۔ برانچ نے صارفین کو کوئی شکایت نہیں، بلکہ صرف ایک ہی مطالبہ ہے کہ اے ٹی ایم کی سہولت جلد از جلد فراہم کی جائے تاکہ عوام کو سہولت ہو اور بینک کے عملے کا دباؤ بھی کم کیا جا سکے۔ عوامی، سماجی اور کاروباری حلقے نیشنل بینک آف پاکستان کے مرکزی و صوبائی حکام سے پُرزور اپیل کرتے ہیں کہ دالبندین برانچ میں فوری طور پر کم از کم دو اے ٹی ایم مشینیں نصب کی جائیں تاکہ صارفین کو جدید بینکنگ سہولت میسر آ سکے، اور ادارے کا مثبت تاثر مزید مضبوط ہو۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 04 JUL 2025 Page No. 18


## جامعات بند کرنا مناسب عمل نہیں

رکن صوبائی اسمبلی نے کہا ہے کہ جامعہ بلوچستان میں شعبہ بلوچی، براہوی اور پشتو کو بند کرکے انسٹی ٹیوٹ فار لٹریچر اینڈ لینگویجز کے قیام کے احکامات جاری کیے ہیں جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا۔ حکومت کا موقف ہے کہ یہ شعبہ جات خسارے میں ہیں، اس لحاظ سے تو پورا ملک ہی خسارے میں ہے، حکومت خود خسارے میں چل رہی ہے تو پھر سب کچھ بند کردیا جائے۔ جامعات منافع بخش ادارے نہیں ہوتے، یہ ملک وقوم کی تعمیر میں اہم کردار ادا کرنے والے شعبے ہوتے ہیں، حکومت اپنے اخراجات میں کمی کرکے جامعات کے فنڈز کو بڑھائے تاکہ جامعات ملک وقوم کی ترقی میں اپنا اہم کردار ادا کرسکیں۔

رکن صوبائی اسمبلی کی گفتگو منطقی اور قابل ستائش ہے، حکومت کو سمجھنا چاہیے کہ کون سے ادارے منافع بخش بنائے جاسکتے ہیں اور کون سے اداروں کو عوام کی فلاح و بہبود کے لیے سرکاری امداد پر چلایا جاتا ہے، دنیا بھر میں مسافر ٹرینیں منافع بخش نہیں ہوتیں، انہیں ہر ملک کی حکومت عوام کی فلاح و بہبود کے لیے چلاتی ہے۔ یورپ میں ایک ملک میں ایک ٹرین صبح اور شام چلتی تھی، جس میں صرف ایک طالبہ پڑھنے کے لیے دوسرے شہر جاتی تھی، جب انتظامیہ نے اسے بند کرنے کا حکم جاری کیا تو عدالت نے اس حکم کو رد کردیا اور کہا کہ جب تک اُس طالبہ کو مناسب سواری فراہم نہیں کی جاتی تب تک ٹرین چلتی رہے گی، ادارے نے اپنے اخراجات پر اُس طالبہ کو اسکول لانے لے جانے کے لیے گاڑی فراہم کی۔ ترقی یافتہ ممالک جانتے ہیں کہ کوئی بھی طالب علم مستقبل میں قوم کی کتنی خدمت کرسکتا ہے اس کا کوئی اندازہ نہیں لگا سکتا۔ لہذا وہ اپنے ہر طالب علم پر بھرپور سرمایہ کاری کرتے ہیں جبکہ پاکستان میں علم دشمنی کی کوئی انتہا نہیں ہے، یہاں پرائمری اسکولوں سے لے کر جامعات تک کا بیڑہ غرق کردیا گیا ہے۔

تعلیمی ایمرجنسی نافذ کرنے کے دعوے کرنے والی حکومت اب جامعات کے فنڈز میں کٹوتیاں کرتی نظر آرہی ہے، تعلیمی بجٹ کو بڑھانے کے بجائے اساتذہ کو نوکریوں سے نکالنے کے بہانے ڈھونڈ رہی ہے، نظام تعلیم کو بہتر بنانے، اساتذہ اور اسٹاف کی حاضری کو یقینی بنانے اور معیار تعلیم بلند کرنے کے لیے حکومت کچھ نہیں کررہی، اگر کچھ کرتی نظر آرہی ہے تو محض اداروں یا شعبوں کی بندش کے احکامات جاری کرتی نظر آتی ہے۔ یہ عمل کسی طور مناسب نہیں ہے، حکمرانوں کو سمجھنا ہوگا کہ قوموں کی ترقی تعلیم وتربیت میں پنہاں ہوتی ہے، نہ کہ سود پر قرضے لے کر بسیں چلانے یا سڑکیں بنانے میں، لہذا رکن صوبائی اسمبلی کا مطالبہ بالکل جائز ہے، جامعہ بلوچستان میں کسی بھی زبان کے شعبے کو بند کرنے کے بجائے اسے جدید خطوط پر استوار کیا جائے، معیار تعلیم بڑھایا جائے، جامعات میں تحقیقی ماحول بنایا جائے اور طالب علموں کو تحقیق کی جانب راغب کرکے جدید تقاضوں سے ہمکنار کیا جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 04 JUL 2025 Page No. 19

# Burden of load-shedding

As the scorching summer sun beats down relentlessly across the country, especially in the already arid province of Balochistan, the lives of ordinary citizens have been made immeasurably difficult by an escalating crisis: unannounced and prolonged load-shedding. While the mercury soars to unprecedented levels, turning homes into ovens and daily routines into struggles for survival, the erratic power supply has compounded the misery, pushing the populace to the brink of endurance. Quetta, the provincial capital, and particularly the interior parts of Balochistan, are bearing the brunt of this energy shortfall. The heatwave, which has gripped the country, transforms the absence of electricity from a mere inconvenience into a grave threat to health and well-being. Children, the elderly, and those with pre-existing health conditions are most vulnerable, struggling to cope with the sweltering temperatures without the basic comfort of fans or air conditioning. Businesses are crippled, daily chores become Herculean tasks, and the overall quality of life plummets. The lack of power also disrupts water supply, further exacerbating the crisis in a region already grappling with water scarcity. It is profoundly unfortunate that in such dire circumstances, the authorities, specifically the government and the Quetta Electric Supply Company (QESCO), appear to be disconnected from the ground realities. The people of Balochistan, who often face unique geographical and socio-economic challenges, deserve immediate and tangible relief. This is not merely an issue of supply and demand; it is a humanitarian concern. The continuous and unannounced power outages demonstrate a severe lack of planning and empathy, leaving citizens feeling abandoned in their hour of need. The time for empty promises and technical excuses is over. The government and QESCO must acknowledge the gravity of the situation and prioritize the well-being of the masses. Concrete measures are urgently required to ensure a consistent and reliable power supply, particularly during these peak summer months. This could involve better management of existing resources, transparent communication regarding load-shedding schedules (if unavoidable), and a long-term strategy to address the energy deficit in the region. Providing relief from this unbearable load-shedding is not just an administrative duty; it is a moral imperative to alleviate the suffering of a populace already struggling against the elements. It is hoped that the Balochistan government would take up the load-shedding issue seriously with the federal government and QESCO authorities so that people of the province could have a sigh of relief, and would end long hours of unscheduled load-shedding.

CamScanner